The Absolute Reality

www.quran4u.com

كَلَّا إِنَّ الْإِنسَانَ لَيَطْغَىٰ أَن رَّآهُ اسْتَغْنَىٰ

مگر انسان سرکش ہو جاتا ہے جب کہ اپنے تئیں غنی دیکھتا ہے

Quran with Urdu Translation

Fateh Muhammad Jalundhari

(فتح محمد جالندهري)

سُورَةُ العَلَق

Urdu Translation اردو ترجمه

Click This Bar to Listen Audio

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَٰنِ الرَّحِيمِ

اقْرَأْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِي خَلَقَ (1)

(اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم)

اپنے پروردگار کا نام لے کر پڑھو

خَلَقَ الْإِنسَانَ مِنْ عَلَقٍ (2)

جس نے (عالم کو پیدا کیا) جس نے انسان کو خون کی پھٹکی سے بنایا

اقْرَأْ وَرَبُّكَ الْأَكْرَمُ (3)

پڑھو اور تمہارا پروردگار بڑا کریم ہے

الَّذِي عَلَّمَ بِالْقَلَمِ (4)

جس نے قلم کے ذریعے سے علم سکھایا

عَلَّمَ الْإِنسَانَ مَا لَمْ يَعْلَمْ (5)

اور انسان کو وہ باتیں سکھائیں جن کا اس کو علم نہ تھا

كَلَّا إِنَّ الْإِنسَانَ لَيَطْغَىٰ (6)

مگر انسان سرکش ہو جاتا ہے

أَن رَّآهُ اسْتَغْنَىٰ (7)

جب کہ اپنے تیئں غنی دیکھتا ہے

إِنَّ إِلَىٰ رَبِّكَ الرُّجْعَىٰ (8)

کچھ شک نہیں کہ (اس کو) تمہارے پروردگار ہی طرف لوٹ کر جانا ہے

أَرَأَيْتَ الَّذِي يَنْهَىٰ (9)

بھلا تم نے اس شخص کو دیکھا ہے جو منع کرتا ہے

عَبْدًا إِذَا صَلَّىٰ (10)

(یعنی) ایک بندے کو جب وہ نماز پڑھنے لگتا ہے

أَرَأَيْتَ إِن كَانَ عَلَى الْهُدَىٰ (11)

بھلا دیکھو تو اگر یہ راہ راست پر ہو

أَوْ أَمَرَ بِالتَّقْوَىٰ (12)

یا پرہیزگاری کا حکم کرے (تو منع کرنا کیسا)

أَرَأَيْتَ إِنْ كَذَّبَ وَتَوَلَّى (13)

اور دیکھ تو اگر اس نے دین حق کو جھٹلایا اور اس سے منہ موڑا (تو کیا ہوا)

أَلَمْ يَعْلَمْ بِأَنَّ اللَّهَ يَرَى (14)

کیا اس کو معلوم نہیں کہ خدا دیکھ رہا ہے؟

كَلَّا لَئِنْ لَمْ يَنْتَهِ لَنَسْفَعًا بِالنَّاصِيَةِ (15)

دیکھو اگر وہ باز نہ آئے گا تو ہم (اسکی) پیشانی کے بال پکڑ کر گھسیٹیں گے

نَاصِيَةٍ كَاذِبَةٍ خَاطِئَةٍ (16)

یعنی اس جھوٹے خطاکار کی پیشانی کے بال

فَلْيَدْعُ نَادِيَهُ (17)

تو وہ اپنے یاروں کی مجلس کو بلا لے

سَنَدْعُ الزَّبَانِيَةَ (18)

ہم بھی اپنے مؤکلان دوزخ کو بلائیں گے

كَلَّا لَا تُطِعْهُ وَاسْجُدْ وَاقْتَرِبْ (19) ۩

دیکھو اس کا کہا نہ ماننا اور سجدے کرکے قرب (خدا) حاصل کرتے رہنا

© Copy Rights:
Zahid Javed Rana, Abid Javed Rana
Lahore, Pakistan
www.quran4u.com